Mr. Speaker : Motion moved :

" That a sum not exceeding Rs. 8,90,42,710 under Demand No. 80 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending the 31st day of March 1954. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

We shall now take up the motions for reduction of grants.

श्री. गोपीडी गंगारेड्डी (निर्मल) :–स्पीकर सर, ये जो कटमोशन्स हम लाते हैं अुसमे हमको डबल मेहनत करनी पडती है। अेक तो तर्जुमे की दिक्कत है और दूसरी यह है कि मेहनत करके हमको कटमोशन्स यहां लाकर देने पडते हैं। अिसके बाद अपने विचार प्रगट करने का अगर हमे मोका दिया जाय तो अुससे मिनिस्टरों को फायदा हो सकता है लेकिन हमको यह मौका नही मिल रहा है अिसलिये आशा करता हूं कि जिन जिन लोगों ने कटमोशन्स दिये है अुन सब को बोलने का मोका मिलेगा।.

मिस्टर स्पीकर :–कोशीश की जायगी। श्री. अंकुशराव घारे।

DEMAND No. 1 (Head of Account 4)—Taxes on Income other than Corporation Tax—Rs. 67,000.

COLLECTION OF TAXES ON AGRICULTURAL INCOME

Shri Ankushrao Ghare (*Partur*) : Sir, I beg to move :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100. "

Mr. Speaker : Motion moved :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100. "

GENERAL POLICY OF SALES TAX ADMINISTRATION

Shri G. Sreeramulu : Sir, I beg to move :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 5,34,800.

Mr. Speaker : Motion moved :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 5,34,800. "

COLLECTION OF SALES TAX

Shri Ankushrao Ghare : Sir, I beg to move :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100 ."

Mr. Speaker : Motion moved :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100. "

LEVY OF SALES TAX ON COTTON

Shri Shyamrao Naik (*Hingoli-General*) : Sir, I beg to move:

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100. "

Mr. Speaker : Motion moved :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100. "

MULTIPLE POINT SALES TAX

Shri K. Ananth Reddy : Sir, I beg to move :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100. "

Mr. Speaker : Cut motion moved :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100. "

TAX STRUCTURE AND ITS INCIDENCE ON THE CONSUMER

Shri K. V. Narayan Reddy (*Rajgopalpet*) *:* Sir, I beg to move :

" That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100."

WORKING OF SALES TAX DEPARTMENT.

Shri K. Venkat Ram Rao: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100."

Shri V. D. Deshpande: Sir, if the subject of my cut motion is not covered in the cut motions already moved, I would like to move it.

Mr. Speaker: A motion for reduction of grant regarding the administration of Sales Tax has already been moved. Is this in any way different from it?

Shri V. D. Deshpande: My intention is to discuss the policy regarding the incidence of sales tax.

Shri Ratanlal Kotecha (Pathod): Sir, can at this stage be a discussion on the policy of General Sales Tax? There can only be a discussion on the administration of sales tax.

Mr. Speaker: General policy can be discussed.

POLICY REGARDING GENERAL SALES TAX

Shri V. D. Deshpande: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 1 be reduced by Rs. 100."

DEMAND NO. 34 (Head of Account 47. D)
STATISTICS DEPARTMENT Rs. 7,91,100 WORKING OF STATISTICS DEPARMENT

Shri G. Sreeramulu: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 34 be reduced by Rs. 5,91,000."

Mr. Speaker. Motion moved:

"That the grant under Demand No. 34 be reduced by Rs. 5,91,000."

FAILURE OF STATISTICS DEPT. TO MAINTAIN THE EXACT STATISTICS RELATING TO UNEMPLOYED PERSONS IN THE STATE

Shri M. Buchiah (Sirpur): Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 34 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 34 be reduced by Rs. 100."

DEMAND No. 37 [Head of Account 47. G(4)] — STATE EMPLOYEES LIFE INSURANCE SCHEME

INVESTMENT POLICY OF INSURANCE PREMIA

Shri K. V. Narayan Reddy: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 37 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 37 be reduced by Rs. 100."

Demand No. 51(Head of Account 55)—Superannuation Allowances and Pensions Rs. 2,17,29,400.

DELAY IN SANCTIONING OF PENSIONS

Shri Abdul Rahman: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 51 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 51 be reduced by Rs. 100."

COMMUTATION OF PENSIONS

Shri V. D. Deshpande: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 51 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 51 be reduced by Rs. 100."

SUPERANNUATION AND EVOLUTION OF NEW FORMULA

Shri K.V. Narayan Reddy: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 51 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: motion moved:

"That the grant under Demand No. 51 be reduced by Rs. 100."

DEMAND No. 53 (Head of Account 57 A)—Donations for Charitable purposes—Rs. 3,86,000.

ECONOMY IN DONATIONS FOR CHARITABLE PURPOSES

Shri V. D. Deshpande: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 53 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the grant under Demand No. 53 be reduced by Rs. 100."

DEMAND No. 80 (Head of Account) Loans and Advances—Rs. 8,90,42,710.

POLICY OF GRANTING LOANS AND ADVANCES

Shri Makhdoom Mohiuddin: Sir, I beg to move:

"That the grant under Demand No. 80 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : Motion moved :

" That the grant under Demand No. 80 be reduced by Rs. 100."

POLICY OF GRANTING LOANS AND ADVANCES

Shri. K. Papi Reddy (Ibrahimpatnam) : Sir, I beg.....

Mr. Speaker : This is same as that of the previous one.

Shri Papi Reddy : But argument may be different, Sir.

Mr. Speaker : No. not allowed.

WAYS AND MEANS OF PAYMENT OF LOANS AND ADVANCES

Shri K. V. Narayan Reddy : Sir, I beg to move :

" That the grant under Demand No. 80 be reduced by Rs. 100."

Mr. Speaker : This subject is covered in the previous cut motion—'policy of granting loans and advances'. Only the words are different. This matter can very well be discussed under the previous heading.

Business of the Houes

Mr. Speaker : Shri V. D. Deshpande.

Shri V. D. Deshpande : I wanted to say that Demands for Educatoin might be taken up in the afternoon. I suggest two sittings for this purpose.

Mr. Speaker : Can the member suggest timings for the afternoon sitting ?

Shri V. D. Deshpande : I suggest that afternoon session may commence from 3.00 p.m. and end at 5.00 p.m. Any way Sir, the opinion of the House may be taken.

شری دگمبر راؤ بندو - میں سمجھتا ہوں کل پرسوں کی طرح دو ڈھائی بجے تک بیٹھکر کام ختم کیا جاسکتا ہے -

مسٹر اسپیکر - کیا یہ مناسب نہو گا کہ فینانس منسٹر کے ڈیمانڈس ۲ بجے تک

ختم کئے جائیں اور اس کے بعد ۲ سے ۵ بجے تک دوسرے منسٹر کے ڈیمانڈس لئے جائیں ؟ کیونکہ میں سمجھتا ہوں شام میں بہت سے آنریبل ممبرس جانے والے ہیں۔

شری رام گوپال رام کشن ناوندار (کنٹر) - ۵ کی بجائے ½۴ شام میں برخاست کریں تو مناسب ہے کیونکہ اگر یہاں سے ۵ بجے نکلیں تو ٹرینس نہیں مل سکینگی -

شری جی - سری راملو - کیا یہ مناسب نہیں کہ آج ایک ہی منسٹر کے ڈیمانڈس لے لئے جائیں ؟ فینانس منسٹر کے ڈیمانڈس آج ختم کئے جاسکتے ہیں

شریمتی شاہجہان بیگم - میرا خیال ہے کہ ایک ہی منسٹر کے ڈیمانڈس آج ہوں تو بہتر ہے۔ ڈیڑھ گنٹھہ کے لئے جاکر پھر ڈیڑھ گھنٹہ کیلئے واپس آنا ذرا مشکل ہے

مسٹر اسپیکر - - ایسی صورت میں ڈیڑھ بجے سے ۳ بجے تک بیٹھنا بھی ممکن ہوسکتا ہے -

شری جی - سری راملو - ہمیں عجلت کے ساتھ سوچنا نہیں ہے۔ مسائل پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جانا چاہیئے - اس کے بعد کے ایام بھی تو ہمیں ملتے ہیں۔

مسٹر اسپیکر - اس کے لئے ہم نے تاریخ مقرر کی ہے -

***Mr. Speaker*: Do all Members agree to sit from 2 to 4-30 P. M. again ?**

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ہاں ٹھیک ہے چل سکتا ہے -

***Mr. Speaker*: Now, we shall sit till 12 noon and again from 2 to 4-30 P. M. and finish off the work.**

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میں نے جو کٹ موشن پیش کیا ہے اس کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں - .....

***Mr. Speaker*: I think some time limit has to be fixed. As decided, every member will try to finish his speech in about 10 minutes' time.**

DISCUSSION ON MOTIONS FOR REDUCTION OF GRANTS

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - مسٹر اسپیکر سر - میں فی الحال تو اس کو مانتا ہوں - فینانس ڈیپارٹمنٹ کے تعلق سے جو کچھ کہنا ہے وہ میرے بعد کے آنریبل ممبرس بھی کہینگے۔ میں صرف ٹکسیشن (Taxation) سے متعلق اپنے خیالات کے اظہار کو محدود رکھوں گا -

اگریکلچرل ٹکس کے ذریعہ جو رقم جمع ہوئی ہے وہ توقعات سے بہت کم ہے جیسا کہ اعداد سے پتہ چلتا ہے۔ تلنگانہ اور مرہٹواڑہ میں ایسے زمیندار بھی ہیں

جن کی آمدنی ۱۰ ہزار سے زیادہ ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ان بڑے بڑے زمینداروں کو ٹکس کی وصولی میں نظر انداز کردیا گیا ہے - یہ ہمارے ڈیپارٹمنٹس کی ان افیشینسی (Inefficiency) کا ثبوت ہے - ایسے بڑے بڑے لوگوں سے ٹکس وصول کرنا چاہئے - اس جانب توجہ نہیں دی گئی ہے - میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگریکلچرل انکم ٹکس (Agricultural Income Tax) جس قدر وصول کیاجاسکتا تھا نہیں کیا گیا ہے - چونکہ ہمارے ملک میں ٹکسس انسی ڈینس (Tax-incidence) ہے اس وجہ سے متوسط طبقہ پر اس کا بار پڑتا ہے - آج کے جو حالات ہیں ان کے مدنظر اگر یکلچرل انکم ٹکس زیادہ وصول ہوناچاہئے - آئندہ جو حالات پیدا ہوں گے ان کے تحت اس کا موقع نہ رہے گا - معلوم نہیں ویسے حالات ایک سال میں آئینگے یا دو سال میں - ہمارے ہاں بیس ہزار ایکڑ اراضی رکھنے والے لوگ بھی ہیں جیسے کہ راج پرمکھ - انہیں بھی اس ٹکس کی معافی دی گئی ہے یا کیا معلوم نہیں ہے - امید ہے کہ اس کو آنریبل فیانس منسٹر اپنی جوابی تقریر میں واضح فرمائینگے کہ نظام کی زمینات پر اگر یکلچرل انکم ٹیکس عائد کیا گیا ہے یا نہیں -

سیلس ٹیکس کے بارے مجھے یہ کہنا ہے کہ اس سلسلہ میں سوراشٹرا (सौराष्ट्र) میں اور حیدرآباد میں ملٹی پل سیلس ٹکس (Multiple Sales Tax) کے خلاف اسٹرائک (Strike) کیا گیا تھا اور مطالبہ کیا گیا تھا کہ ملٹی پل سیلس ٹکس ختم کیا جائے - اس کی بجائے سنگل پوائنٹ ٹکس (Single Point Tax) عائد کرناچاہیئے لیکن ان باتوں پر غور نہیں کیا گیا - یہاں ساڑھے سات ہزار کی لیمٹ (Limit) رکھی گئی ہے اور سوراشٹرا میں تین ہزار کی لیمٹ ہے - حیدرآباد میں بھی ساڑھے سات ہزار کی لیمٹ کو گھٹانا چاہئے - عوام کی سب سے بڑی ضروریات کی چیزیں مثلاً کپڑا لیجئے - اس بارے میں میں یہ عرض کروں گا کہ سوپر فائین (Super Fine) کو چھوڑ کر باقی دوسرے معمولی کپڑوں پر ٹکس نہیں لیاجانا چاہئے - عوام کی مانگوں کو پورا کرنا چاہئے اور جو آمدنی ہورہی ہے اس کو انالائیز (Analyse) کرناچاہیئے - بیوپاری اس فکر میں رہتے ہیں کہ کس طرح اس کو ٹال دیں - سنگل پوائنٹ ٹکس عائد کیاجائے تو یہہ الجھن باقی نہیں رہتی - مڈل کلاس بیوپاری اس سے زیادہ متاثر ہورہے ہیں -

پنشن (Pension) کے سلسلہ میں یہ رکویسٹ (Request) کی گئی تھی کہ اولڈ پنشن رولس (Old Pension Rules) کے تحت کمیوٹیشن (Commutation) کو ملتوی کیا گیا ہے - اسبارے میں میں یہ کہونگا کہ الگ الگ وجوہات کے تحت تقریباً (۲۵) ہزار ملازمین کو علیحدہ کیا گیا ہے جنکو کافی دقتیں ہو رہی ہیں - وہ کچھ نہ کچھ بیوپار - دھندہ - کرنا چاہتے ہیں لیکن انکے پاس سرمایہ نہیں ہے انہیں کمیوٹیشن (Commutation) کا حق دیا جائے تو کچھ سرمایہ فراہم ہو جائیگا اور وہ چھوٹے موٹے دھندے کرسکینگے - کچھ تجارت یا کاروبار کرکے اپنی گزر بسر کے قابل ہوسکینگے - اس سلسلہ میں میرا سجیشن

(Suggestion) یہ ہے کہ (۱۰۰) روپیہ تک جنکو پنشن ہے انکو کمیوٹیسن کا پورا حق ملنا چاہئے اور جنکو (۲۰۰) روپیہ وظیفہ ملتا ہے انہیں (۵۰)فیصد کی حدتک وظیفہ کو کمبوٹ (Commute)کرنے کا حق دیا جانا چاہئے - مجھے امید ہے کہ فینانس منسٹر اسبارے میں کیا ارادہ رکھتے ہیں اپنی جوابی تقریر میں واضح کرینگے -

انسٹیٹیوشنس (Institutions)کو جو ڈونیشن (Donation) دیا جاتا ہے اسکی تفصیلات بھی معلوم نہیں ہوئی ہیں - بہت سے انسٹیٹیوشنس کو پراویژن (Provision) دیا جاتا ہے - میرا خیال ہے کہ اس میں کمی کرنی چاہئے -

لونس اینڈ اڈوانسس (Loans and Advances) کے بارےمیں مجھے یہ کہنا ہے کہ فینانس ڈپارٹمنٹ کا اس پر کنٹرول رہنا چاہئے لیکن کافی کنٹرول نہیں ہے - اکانمی کمیٹی کی رپورٹ میں لکھا گیا ہے کہ فینانس ڈپارٹمنٹ جو اڈوانس دیتا ہے وہ برابر استعمال ہو رہا ہے لیکن ہمارے پاس اس قسم کی شکایتیں وصول ہوئی ہیں کہ سیول سپلائیز کو جو اڈوانس دیا گیا ہے وہ ٹھیک طور پر استعمال نہیں کیا گیا - معلوم نہیں کہ اوسکی اتنی پراپرٹی (Property) بھی ہے یا نہیں - اتنی بڑی رقم جو سیول سپلائیز کو دیگئی ہے اسکے اسسٹس (Assets) بھی ہیں یا نہیں - ڈبن کھاتہ تو نہیں ہے ؟ اس طرح رقومات ضائع تو نہیں ہو رہے ہیں ؟ اگر ہو رہے ہیں تو انوسٹیگیٹ (Investigate)کرکے اسکے جو ذمہ دار ہیں انکے خلاف کارروائی ہونی چاہئے - ہم جن انڈسٹریز کو امداد دیتے ہیں انکے متعلق ہر وقت خیال رکھنا چاہئے کہ وہ فائدہ سے چل رہے ہیں یا نہیں - جیسا کہ سنگرینی کالیریز کو جواڈوانس دیا گیا ہے اس کا خیال رکھنا چاہئے -

مینوسپالٹی (Municipality) کے نام سے ایک گرانٹ (Grant) بتایا گیا ہے - جب اسکے تعلق سے ڈیمانڈ پیش ہوگا اس وقت میں اپنے خیالات کا اظہار کرونگا - فی الحال اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جو گرانٹ مینوسپالٹی کو دیا جاتا ہے کم ہے اس میں اضافہ ہونا چاہئے -

اگریکلچرل تقاوی کا بھی ایک مد ہے - اگریکلچرپر بحث کرتے وقت اسبارے میں کہونگا - بتایا گیا ہے کہ تقاوی کے وصول کرنے میں دشواریاں پیش آتی ہیں - جب اس پر بحث ہوگی تو میں اپنے خیالات کا اسبارے میں اظہار کرونگا -

فینانس ڈپارٹمنٹ کے بارے میں بھی میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا تھا لیکن وقت نہیں ہے پھر کسی وقت کہونگا - اس وقت صرف اتنا کہونگا کہ اس ڈپارٹمنٹ کا اڈمنسٹریشن ٹاپ ہیوی (Top heavy) ہے - مدراس کی مثال ہمیں لینی چاہئے - وہاں جس طرح اس ڈپارٹمنٹ کے کاروبار چلتے ہیں اسی طرح یہاں بھی ہونا چاہئے - اسبارے میں خان بہادر جوشی نے جو رائے دی ہے اوس پر عمل کرنا چاہئے -

یہ ڈپارٹمنٹ بڑی اہمیت کا حامل ہے اسکو ٹھیک طور پر ری آرگنائیز (Reargauise) کرنا چاہئے تا کہ وہ ٹھیک طور پر کام انجام دے سکے ۔ اتنا کہتے ہوے میں اظہار خیال کو ختم کرتا ہوں ۔

شری اننت ریڈی- مسٹر اسپیکرسر ۔ سیاس ٹیکس کے بارے میں کہنا ہے کہ ملٹیپل سیلس ٹیکس (Multiple Sales Tax) یہاں رائج کیا گیا ہے اسکے بارے میں ابھی ایک آنریبل ممبر کی جانب سے اختلاف کیا گیا ہے ۔ میں نے بھی اس سے اختلاف کا اظہار کرنے کے لئے کٹ موشن پیش کیا ہے ۔ سیلس ٹیکس میں جو (۳۵) لاکھ کی کمی اندازے کے مقابلہ میں پائی گئی ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ حکومت کی یہ ملٹیپل سیلس ٹیکس کی پالیسی ناکام ہوچکی ہے ۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ انکم ٹیکس اور سیلس ٹیکس وصول کرنے والے جو آفیسر س اور انسپکٹرس ہیں وہ ایسے ہیں جنہیں ضروری ٹریننگ تک نہیں دیگئی ہے ۔ بڑے بڑے دکانداروں کو جنکی انکم بہت زیادہ ہے اور جنکا سیل (Sale) بہت بڑھا ہوا ہے چھوڑ دیا گیا ہے ۔ انسپکٹروں کے تقرر کے وقت انکو اسکی ٹریننگ دیجانی چاہئے تا کہ وہ پراپر اسس (Properly Assess) کرسکیں ۔ ملٹیپل ٹیکس کا جہاں تک سوال ہے اسکے بارے میں پھر میں یہ کہونگا کہ وہ بالکل ناکام ہوگیا ہے ۔ سنگل بوائینٹ ٹیکس رائج کیا جانا چاہئے جیسا کہ دوسری جگہ مطالبہ کیا گیا ہے اور یہاں بھی کیا گیا ہے ۔ اس مانگ کو پورا کرنا چاہئے ۔

ایک اور چیز آنریبل فینانس منسٹر کی توجہ میں لانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ٹرن اوور (Turn over) میں جو سقم ہے اسکو دور کرنا ضروری ہے ۔ چلر فروش پان والے یا چھوٹے چھوٹے بیوپاری اس سے متاثر ہو رہے ہیں ۔ ساڑھے سات ہزار کی جو لمٹ ہے اسکو بڑھا کر ۲۵ ہزار کردیا جانا چاہئے تا کہ چھوٹے بیوپاری جیسے پان والے وغیرہ اس سے متاثر نہ ہوں ۔ اس سے حیدرآباد کی معیشت پر برا اثر پڑ رہا ہے جسکی جانب حکومت کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں ۔

دوسری اہم چیز جسکی جانب آنریبل فینانس منسٹر کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ ہمارا اسٹاٹسٹک ڈپارٹمنٹ ہے ۔ اس ہاؤس کے ایک آنریبل ممبر کو اگریکلچر کے تعلق سے صرفخاص کے کچھ اعداد و شمار کی ضرورت تھی وہ اس ڈپارٹمنٹ میں تشریف لیگئے تو معلوم ہوا کہ وہاں پراپر اسٹاٹسٹکس (Proper Statistics) موجود نہیں ہے ۔ اس ڈپارٹمنٹ پر ۷ لاکھ کا خرچہ ہوتا ہے ۔ وہ اسلئے کیا جا رہا ہے کہ جب ضرورت ہو ہمیں ریڈی ریفرنس (Ready Reference) ملے جسکی مدد سے کوئی پلان (Plan) کوئی اسکیم (Scheme) بنانا ہو تو بنایا جاسکے ۔ ہر پلان اور ہر اسکیم کی بنیاد اسٹاٹسٹکس پر ہی ہوئی ہے ۔ اگر صحیح اعداد و شمار پبلک کو میسر نہ ہو اس ہاؤس کے آنریبل ممبرس کو میسر نہ ہوں تو میں نہیں سمجھتا کہ صحیح طور پر ہم کچھ کام کرسکینگے ۔ کیونکہ بنیاد یہی ہے ۔ جبتک اعداد و شمار معلوم نہ ہوں کہ ملک میں کتنے بیروزگار ہیں اوس وقت تک [illegible]

کا حل نکالنا دشوار ہوگا ۔ میں کہونگا کہ اسٹا ٹسٹک ڈپارٹمنٹ کا مواد اپٹوڈیٹ (Up-to-date) رہنا چاہئے ۔

اور ایک چیز جسکی جانب آنریبل فینانس منسٹر کی توجہ مبذول کرانی ہے وہ ڈونیشن فار چیریٹیبل پریزس (Donation for charitable purposes) ہے ۔ اس کے لئے تین لاکھ (۸٦) ہزار کی رقم رکھی گئی ہے اور ایجوکیشن کے تحت بھی دو لاکھ کے قریب رقم اس مد میں رکھی گئی ہے اسکی تفصیلات پیش نہیں کی گئی ہیں کہ وہ کتنے انسٹیٹیوشنس کو دیجاتی ہے اور وہ کونسے ہیں ۔ میں آنریبل فینانس منسٹر سے عرض کرونگا کہ اس پر غور کیا جائے کہ وہ کونسے ادارے ہیں جو ایسی امداد کے مستحق ہیں ۔ اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری کے ۔ وی ۔ نارائن ریڈی ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ میرے چارکٹ موشنس مختلف موضوع پر ہیں ۔ اس دس پندرہ منٹ کے عرصہ میں میں ہر کٹ موشن پر بول نہیں سکتا لیکن چونکہ کھڑا ہوگیا ہوں لہذا کچھ بولنا پڑیگا ۔

ہمارے پاس سیلس ٹیکس کا جو اسٹرکچر (Structure) ہے وہ رگریسو (Regressive) قسم کا ہے ۔ اس کا ریفلکشن بجٹ پر پڑتا ہے ۔ بجٹ جن اصولوں پر فارم (Form) ہوا اوس کو جب تک ہم نہ جانچینگے ہم کو سیلس ٹیکس کے متعلق زیادہ معلومات حاصل نہ ہوسکینگے ۔

اس دنیا میں تصادم تخیلات کا زیادہ دخل رہتا ہے ۔ اس لئے ہمارا بجٹ یا تو مارکس ازم (Marxism) کے نظریہ کے تحت ہونا چاہئے تھا یا گاندھی ازم (Gandhism) کے نظریہ کے تحت ۔ مارکس ازم تو میں اس لئے نہیں کہہ سکتا کہ حکومت نہیں سمجھتی کہ اوس میں کوئی ریفارمیشن (Reformation) ہے ۔ لیکن اگر ہم بجٹ کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ وہ ان اصولوں میں سے کسی بھی اصول کے تحت نہیں ہے ۔ یہاں پر ان ڈائرکٹ ٹیکس (Indirect tax) زیادہ پری ڈامیننٹ (Predominant) ہے ۔ (۷۰) فیصدی محصول اکسائزڈیوٹی (Excise duty) اور سیلس ٹیکس (Sales Tax) سے ملتا ہے ۔ سنہ ۱۹۲۰ع سے پہلے کانگریس نے جو پروگرام مقرر کیا تھا اوس کے مطابق عمل ہونا چاہئے تھا لیکن ایسا نہیں کیا جا رہا ہے بلکہ سیندھی اور شراب سے زیادہ سے زیادہ آمدنی وصول کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ اگر کٹ موشن کے بارے میں ہی بحث کی جائے تو بہتر ہوگا ۔ یہ تو جنرل ڈسکشن (General discussion) ہو رہا ہے ۔

شری کے ۔ وی ۔ نارائن ریڈی ۔ جنرل ڈسکشن کے وقت موقع نہ مل سکا ۔ دس پندرہ مرتبہ اٹھ بیٹھ بھی ہوئی ۔ اس لئے کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔

تو میں یہ کہہ رہا تھا سیلس ٹیکس کا جو اسٹرکچر ہے وہ ریگریسیو (Regressive) قسم کا ہے ۔ جنگ کے دوران میں اور بعد میں یورپ میں یہ ٹیکس شروع کیا گیا ۔ ہمارے پاس گزشتہ سال سیلس ٹیکس سے (۹۷۱۴۰۰۰) روپیہ آمدنی وصول کی گئی اور اخراجات ہوئے (۴۸۲۰۶۰۰) ۔ اس طرح جملہ (۱۴۸۹۳۴۰۰) کا بار اس ٹیکس کے ذریعہ کنسیومر (Consumer) پر ڈالا گیا ۔ مدراس اور بمبئی میں جہاں اکسائز ٹیکس نہیں ہے سیلس ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ ہمارے یہاں دونوں ان ڈائرکٹ اور ریگریسیو ٹیکس لگائے گئے ہیں ۔ ان ڈائرکٹ ٹیکس ہمارے پاس (۷۰) فی صد ہے اور ڈائرکٹ ٹیکس (۲۰) فیصد بجٹ میں بتایا گیا ہے ۔ مالگزاری ٹیکس اگر چہکہ ڈائرکٹ ٹیکس ہے لیکن اس کا زیادہ اثر غریب کسانوں پر ہوتا ہے اس لئے میں اسکو بھی ان ڈائرکٹ ہی کہونگا ۔ وہ ڈائرکٹ ٹیکس نہیں ہے ۔ کیونکہ غریبوں پر ہی اس کا بار پڑتا ہے ۔ اس طرح ہمارے ٹیکس کا اسٹرکچر ان ڈائرکٹ ہے جس کا بار کم استطاعت ۔ کم آمدنی والے اور غریب لوگوں پر پڑتا ہے۔ اس طرح سیلس ٹیکس ریگریسیو ٹیکس ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارے پاس ملٹی پل ٹیکس اور سنگل پائنٹ ٹیکس کا جو سسٹم ہے اوس سے کچھ زیادہ رقم ہم کو حاصل نہ ہوسکی ۔ مدراس اور بمبئی میں یہ محصول لگایا گیا تو کروڑہا روپیہ وصول ہوا کیونکہ وہاں ایک ہی ٹیکس ہے ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ سیلس ٹیکس وصول کرنے میں جتنا پیسہ صرف کیا جا رہا ہے آمدنی کا تناسب دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اوتنا پیسہ وصول نہیں ہو رہا ہے ۔

میرا دوسرا کٹ موشن پنشنس (Pensions) کے سلسلہ میں ہے ۔ اس کے متعلق میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس پر دو کروڑ سے زائد روپیہ صرف ہو رہا ہے ۔ گویا اگریکلچر ۔ انڈسٹریز اور نیشن بلڈنگ ایکٹیویٹز (Nation-building Activities) پر جو صرفہ کیا جا رہا ہے اوس سے تگنا صرفہ اس پر ہو رہا ہے ۔ زراعت کے لئے جو (۷۰) فیصد ریوینیو دیتا ہے اور انڈسٹریز اور فائیو ایر پلان اور نیشن بلڈنگ اکٹیویٹیز کے سلسلہ میں قوم کو سیکریفائز (Sacrifice) کرنا چاہئے ۔ بٹھا کر اس طرح پنشن دینا موزوں نہ ہوگا ۔ اس سلسلہ میں میگزیمم (Maximum) اور مینیمم پنشنس (Minimum Pensions) مقرر کئے جانے چاہئیں ۔

چونکہ مجھے وقت نہیں ہے اس لئے اتنا ہی کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری ایم ۔ بچیا ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ میں نے یہ کٹ موشن اس واسطے پیش کیا ہے کہ اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ (Statistics Department) پر ہم اندازاً کچھ کم (۸) لاکھ روپیہ خرچ کر رہے ہیں ۔ لیکن اس ڈپارٹمنٹ سے اسٹیٹسٹکس (Statistics Department) برابر نہیں ملا کرتے ۔ حال ہی میں ایک مرتبہ میں وہاں گیا تھا تاکہ صرفخاص کے بارے میں کچھ مواد حاصل کروں ۔ لیکن وہاں مجھے اطلاع ملی کہ نہ تو اوس ڈپارٹمنٹ کے پاس ریکارڈ ہے نہ رقبہ بتلایا جاسکتا ہے نہ یہ بتلایا جاسکتا ہے کہ

پہلے اوس کا ریوینیو کلکشن کیا تھا اور اب کیا ہے - ایک اور مرتبہ ان امپلائیڈ لیبر (Unemployed labour)کے متعلق مواد فراہم کرنا چاہتا تھا لیکن اس کا بھی ریکارڈ وہاں فراہم نہ ہوسکا - لیکن بجٹ میں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ڈفرنٹ ہیڈ (Different Head) کے تحت (۹) لاکھ کے اخراجات کئے جارہے ہیں . یہ اخراجات یہ ہیں -

Direction—Rs. 2,17,540

Statistics Inspector—16,710.

Temporary establishment of cotton scheme—Rs. 7,290

Temporary scheme of Gazetteers—Rs. 6040

Scheme for collection of data of wages of labourers, City —Rs. 30,000

Scheme for collection of data of wages of labourers, Districts—Rs.14,650

Financial Statistics Scheme—Rs. 10,800

Livestock Scheme—Rs. 9,240

Agricultural Statistics Dept.—Rs. 2,19,830

Central Records Office—Rs. 2,18,300

Co-ordinated crop cutting—Rs. 40,700

اس طرح (۷۵۱۱۰۰) روپیہ اس ڈپارٹمنٹ پر خرچ کئے جاتے ہیں - حال ہی میں لینڈ ریفارمس بل ہاؤس کے سامنے آیا ہے اس سلسلہ میں گورنمنٹ نے لینڈ ریکارڈ کے اسٹیٹسٹک کے لئے (۸) لاکھ روپیہ مانگے اور اس ہاؤس سے منظوری لے لیگئی - اگر یہ ڈپارٹمنٹ ایفیشنسی (Efficiency)سے کام کرتا تو لینڈ ریکارڈس (Land Records) کے اسٹیٹسٹک فراہم ہوسکتے تھے اور یہ (۸) لاکھ روپیہ خرچ کرنے کی ضرورت نہ ہوتی- اس مثال سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ڈپارٹمنٹ ایفیشنسی سے کام نہیں کر رہا ہے بلکہ وہ کام ہی نہیں کرسکتا - اگر ہم اس سلسلہ میں غور کریں کہ اس ڈپارٹمنٹ کے سورس آف انفرمیشن (Source of Information)کیا ہیں - کس کس محکمہ سے یہ مواد کلکٹ کرتا ہے تو معلوم ہوگا کہ یہاں حیدرآباد میں ایک ڈائرکٹر کا آفس رہتا ہے وہ ڈسٹرکٹ آفس (District Office) سے جو کلکٹرس آفس (Collector's Office) سے متعلق ہوتا ہے مواد فراہم کرتا ہے - یہاں سے آفیسر لکھتے ہیں اور وہاں کے لوگ ضلع سے یا تحصیل سے مواد فراہم کرتے ہیں - یہی اسٹیٹسٹک کا فاؤنڈیشن (Foundation) ہے - لیکن اس ڈپارٹمنٹ میں خود کوئی ایسا ذریعہ نہیں کہ وہ اپنے طور پر مواد فراہم کرے- اس آفس کا راست تعلق ڈسٹرکٹ اڈمنسٹریشن (District Administration)

سے ہوا کرتا ہے ۔ اس لئے میں یہ کہونگا کہ اس ڈپارٹمنٹ پر ۹ لاکھ روپیہ خرچ کرنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی ۔ ہر گورنمنٹ کو ایفیشنسی سے کام کرنے ۔ پلان بنانے۔ اسکیمس بنانے اور نیشن بلڈنگ کے کام کرنے کے لئے اسٹیٹسٹک کی ضرورت ہوتی ہے ۔ جب تک صحیح اسٹیٹسٹک حاصل نہ ہوں کوئی کام صحیح طریقہ پر نہیں ہوسکتا ۔ میرا یہ کہنا نہیں ہے کہ اس ڈپارٹمنٹ کی ضرورت ہی نہیں لیکن یہ کہونگا کہ ہمارا اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ جس طرح کام کرنا چاہئے اور جس طرح اسٹیٹسٹک جمع کرنا چاہئے نہیں کر رہا ہے ۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ ہماری بہت سی اسکیمیں ضروری مواد پر وقت دستیاب نہ ہونے کی بناء پر ناکام ہو جاتی ہیں ۔ اس لئے میرا یہ کہنا ہے کہ اس ڈپارٹمنٹ کو زیادہ ایفیشینٹ بنانے کی کوشش کی جانی چاہئے ۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری کے ۔ وینکٹ راما راؤ ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ اگر ہم سیلس ٹیکس کے سلسلہ میں فیگرس دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ سنہ (۵۲-۵۱ ع میں اس سے جو آمدنی ہوئی وہ (۱۶۳۱۱۹۲) روپیہ ہے ۔ سنہ ۵۳-۵۲ ع کے لئے جو اندازہ لگایا گیا ہے وہ (۲۴۶۴۲۸۵۷) روپیہ ہے۔ اس سے معلوم ہوگا کہ تگنی آمدنی حاصل کرنے کی کوشش ہم نے کی ۔لیکن نتیجہ کیا نکلا ؟ صرف (۱۹۲۸۶۰۰۰) روپیہ کے لگ بھگ آمدنی ہونے کی امید نظر آنے لگی ہے ۔ ہم نے سیلس ٹیکس کی آمدنی کو بڑھانے کی جو کوشش کی اوس میں ناکام رہے ۔ اس کی وجہ کیا ہے وہ تو بعد میں عرض کروں گا لیکن اس وقت ڈپارٹمنٹ کی ورکنگ (Working) کے متعلق کچھ کہوں گا اور اس ڈپارٹمنٹ کا کسٹمرس (Customers) سے جہاں تک تعلق اوس کے متعلق چند باتیں آنریبل فینانس منسٹر کی توجہ میں لاؤں گا ۔ سیلس ٹیکس کی وجہ سے سیلس ٹیکس کے عملہ کو چھوٹے موٹے بیوپاریوں کو ستانے کا موقع مل گیا ہے۔ بڑے بڑے بیوپاریوں کو اپنے کاروبار کے لحاظ سے انکم ٹکس (Income Tax) کے سلسلہ میں آپنی آمدنی اور خرچ کے باضابطہ حسابات رکھنے پڑتے ہیں ۔ اگر چیکہ اس میں بھی جو حسابات رکھے جاتے ہیں اوس میں چالیں چلیں جاتی ہیں تا کہ انکم ٹکس سے بچ جائیں ۔ اور اس میں وہ لوگ کامیاب بھی ہورہے ہیں ۔ لیکن چھوٹے موٹے جو تاجر ہوتے ہیں اون کے پاس برابر اکاؤنٹ (Account) نہیں ہوتا ۔ اور نہ اون کے پاس فنداں اکاؤنٹنٹ (Accountant) ہوتے ہیں ۔ جن کے ذریعہ وہ اپنے حسابات مکمل رکھ سکیں۔ وہ اس کی زد میں آجاتے ہیں ۔ ان کے پاس جا کر آر بیٹریریلی (Arbitrarily) محصول عائد کر دیا جاتا ہے ۔ سررشتہ کے عہدہ دار تاجر کو قانون سے فائدہ پہنچانے کا رجحان نہیں رکھتے بلکہ تاجروں اور کسٹومرس (Customers) کی لا علمی سے فائدہ اٹھا کر انہیں قانون کی زد میں لانے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ نت نئے ٹکسس عائد کئے جاتے ہیں ۔ پراویژنل اسسمنٹ (Provisional Assessment) عائد کرنے میں بھی بڑی بیضابطگی ہوتی ہے ۔ ہوتا یہ ہے کہ پریویس ایر (Previous year) کی کوئی ڈفینیشن (Definition) نہیں کی گئی

ہے - انکم ٹیکس ایکٹ (Income Tax Act) میں اس کی صراحت نہیں ہے - بروویس ایر میں ہر قسم کے سال آسکتے ہیں - عموماً قاعدہ یہ ہے کہ بعض بیوپاری اپنا حساب و کتاب دیوالی سے شروع کرتے ہیں - بعض سنہ سنک کے حساب سے اوگادی سے شروع کرتے ہیں - لیکن اسسمنٹ اس طرح کیا جاتا ہے کہ ۵۳-۱۹۵۲ ع یا ۵۴-۱۹۵۳ ع - اس لحاظ سے سال کا تعین کرنے میں دقت ہوتی ہے - جو براویزنل اسسمنٹ ہوتا ہے وہ سال کے ختم پر فائینل کردیاجاتا ہے اور سال کے ختم ہوتے ہی جس طرح مالگزاری کی وصولی کے لئے ندابیر اختیار کی جاتی ہیں اسی طرح ضبطی مال وغیرہ کے ذریعہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے - حالانکہ فائنل اسسمنٹ (Final Assessment) ہونے سے پہلے براویزنل اسسمنٹ بقایا نہیں بن سکتا - ایسا کرنا الایگل (Illegal) ہے -

اس سلسلے میں کلکٹر کو لکھکر ضبطی کی تعمیل کروائی جاتی ہے بیوپاریوں کو ستایا جاتا ہے - میں اس بارے میں خاص طور پر فینانس منسٹر کو توجہ دلانا چاہتا ہوں -

ایک اور چیز جو میں آنریبل فینانس منسٹر کے علم میں لانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اسسنگ اتھاوٹی (Assessing Authority) بھی وہی ہوتی ہے اور اس سلسلے میں کیس کو سماعت کرکے فیصلہ کرنے والے اتھارٹی بھی وہی ہوتی ہے - اس طرح عاملہ اور عدلیہ دونوں کے اختیارات ایک ہی شخصیت میں ہونے سے انصاف نہیں مل سکتا - میں یہ اپیل کروں گا کہ سیلس ٹیکس کے فائینل اسسمنٹ کے لئے ایک ٹرائیبیونل (Tribunal) مقرر کیا جانا چاہیئے - جس سے یہ شکایت دور ہوسکے گی -

میں ایک اور چیز ہاؤس کے سامنے رکھکر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - وہ یہ کہ یہاں ایسے لوگ جو اپنے حسابات نہیں رکھتے ان کے اسسمنٹ کے لئے کوئی پروسیجر نہیں ہے - یہ چیز اتھاریٹیز (Authorities) کے رحم و کرم پر چھوڑدی گئی ہے - لیکن مجھے علم ہے کہ مدراس اس کے لئے پرسیجر (Procedure) ہے - میں کہوں گا کہ یہاں بھی اس کے لئے کوئی پروسیجر ہونا چاہیئے -

یہ کہاجاتا ہے کہ سیلس ٹیکس کی آمدنی کم ہوگئی ہے - اس کی وجہ جہاں تک میں سمجھتا ہوں یہ ہے کہ مڈل ٹریڈرس (Middle Traders) ختم ہوگئے ہیں - اندازہ لگایا گیا ہے کہ ایک دفعہ سیلس ٹیکس عائد ہونے کی وجہ سے ایک پائینٹ پر قیمت میں ۲ ۱/۸ فیصد کا اضافہ ہوجاتا ہے - ہرشئے (۳) ہاتھوں میں سے ہوکر گزرتی ہے - فاردی میک آف آرگومنٹ (For the sake of Argument) یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس شئے پر ۶ فیصد ٹیکس عائد ہوتا ہے - اس طرح قیمت میں ۶ فیصد اضافہ ہوگیا - اس لئے ریٹیلر (Retailer) کا یہ رجحان ہوتا ہے کہ وہ ہول سیل ڈیلر (Whole-sale dealer) سے ہی خرید لے - نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مڈل ٹریڈر ختم ہوجاتا ہے - اسی باعث کاروبار اور دھندے ماندہ پڑرہے ہیں یا ختم ہورہے ہیں اسی لئے سیلس ٹکس سے جس آمدنی کی امید کی جاتی ہے وہ حاصل

نہیں ہوتی - یہ چیز ٹیکزیشن سسٹم (Taxation system) میں انٹرکانٹر اڈکشن (Inter-contradiction) کی وجہ سے ہے اس کانٹر اڈکشن کی وجہ سے نہ صرف مڈل ٹریڈرس ختم ہورہے ہیں بلکہ ٹیکس کا جو اندازہ کیاجاتا ہے وہ وصول نہیں ہوتا - ان حالات کی طرف میں فینانس منسٹر کو متوجہ کرتے ہوئے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

شری عبدالرحمن - مسٹر اسپیکر سر - کسی بھی حکومت میں فینانس کا محکمہ نہایت اہم ہوتا ہے - لیکن اگر ہمارے ریاست کے حسابات کے محکمہ کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارا یہ شعبہ تاخیر کرنے رکاوٹیں پیدا کرنے اور نامنصفانہ عمل کرنے میں امتیاز رکھتا ہے - مثال کے طور پر میں چند کارروائیوں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو ہمارے مالیہ کے محکمہ میں چل رہی ہیں - ہمارے پاس ایسے احکام تھے کہ جو ملازم سرکار آن ڈیوٹی (On duty) مارا جائے اس کے پسماندگان کو اس ملازم کی پوری تنخواہ بطور وظیفہ دیجاتی ہے - چنانچہ یہ عمل ایک عرصہ تک ہوتا رہا - لیکن مجھے یہ معلوم کر کے بڑا دکھ ہوا کہ ہماری عوامی حکومت کے تشکیل کے بعد اس گشتی کے خلاف عمل کرنے کیلئے ایک دوسری گشتی سنہ ۵۲ع میں جاری کیگئی - چنانچہ اس گشتی کی وجہ سے کئی کارروائیاں معرض التواء میں پڑی ہیں یا نامنظور ہوئی ہیں - مثال کے طور پر میں ایک کارروائی معزز ممبر فینانس کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - سنہ ۵۸ف میں پولس ایکشن سے پہلے ۶ - آبان کو ایک نائب تحصیلدار ان ڈیوٹی مارے گئے - پولس ایکشن کے بعد اس وقت کے کلکٹر نے اس سلسلہ میں کارروائی کی - نلگنڈہ کے یہ کلکٹر صاحب کا نام جوگیا یا جوگپا ہے - انہوں نے مرحوم کے پسماندگان کو پورا وظیفہ جاری کرنے کی کارروائی کی منظوری چاہی - مراحل طئے کرتی ہوئی کارروائی معتمد مالگزاری کے پاس آئی اور اسکے بعد اس وقت کے صدر المہام مال جو آج چیف منسٹر ہیں ان کے پاس یہ کارروائی پیش ہوئی - انہوں نے بھی مراسلہ نشان (۳۳) مؤرخہ ۴ بہمن سنہ ۵۹ف کے ذریعہ اسکی سفارش کی - لیکن مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ فینانس کے غیرصحیح اور نامنصفانہ عمل کی وجہ سے آج تک اس بیوہ کا وظیفہ جاری نہیں ہوا ہے - متعلقہ ذمہ دار عہدہ دار کی منظوری کے بعد بھی فینانس ڈپارٹمنٹ اسکی اجازت نہیں دیتا - ۵۸ف سے اس کارروائی کو آج ۴ سال ہوگئے ہیں اب تک اس کارروائی کا نتیجہ نہیں نکلا - بیچاری بیوہ پریشان ہے - جب سیول اڈمنسٹریٹر تھے انہوں نے عارضی طور پر نصف وظیفہ اجرا کیا تھا - قطعی تصفیہ کے متعلق متعدد درخواستیں دینے اور توجہ دلانے کے باوجود محکمہ مالیہ نے کوئی توجہ نہیں کی - اسطرح سیکڑوں مثالیں ہیں - مجھے وقت نہیں کہ انکی تفصیل ہاؤس کے سامنے پیش کرسکوں - مجھے یہ دیکھکر افسوس ہوتا ہے کہ وہاں کارروائیاں عمداً ڈلے (Delay) کیجاتی ہیں - اسطرح کارروائیاں روک رکھنے سے اگر حکومت کو کسی قدر سود کا فائدہ ہوجاتا تو کم از کم اسکو گوارا کرلیا جاتا لیکن محض تغافل کی بناء پر یہ عمل ہوتا ہے جو قابل توجہ ہے -

سررشتہ حسابات کی جانب بھی مجھے توجہ دلانا ہے - وہاں سینیر ملازمین کو نظر انداز کر کے جرنیرس کو ترقی دیجاتی ہے - میرے پاس ایسی بھی مثالیں ہیں کہ آئی - جی - پی آفس (I. G.'s Office) میں (۴) نان میٹریکیولیٹس (۱۰۰) یا اس سے زاید تنخواہ پر ہیں باوجود اسکے کہ .....

ڈاکٹر - جی ایس ملکوٹے - اسپیکر سر - میں معافی چاہتا ہوں آئی جیز آفس ( ) میرے تحت نہیں ہے -

شری عبدالرحمن - بہرحال جو محکمہ فینانس کے تحت ہوں کم از کم انکی حد تک آنریبل وزیر فینانس توجہ فرمائیں - کئی بیضابطگیاں ہوتی ہیں - میں بطور خاص خزانہ عامرہ کی جانب آنریبل منسٹر کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں - غالباً وہ بھی واقف ہونگے کہ اگر کوئی بیوہ اپنا وظیفہ حاصل کرنے کیلئے جاتی ہے تو اس کو کسقدر پریشان ہونا پڑتا ہے یا عمداً کیا جاتا ہے - دو روپیے وظیفہ حاصل کرنے کیلئے اس بیوہ کو حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اپنا فوٹو داخل کرے - زندہ رہنے اور یہاں ہی رہنے کی تصدیق لائے - تصدیق کیلئے عدالت میں جاتے ہیں تو تین روپیہ حلف نامہ پر - درخواست کے ٹکٹ اور تصدیق کے مراحل طے کرنے تک ایک سال میں جو وظیفہ ملتا ہے اس سے زیادہ خرچہ صداقت نامہ کے حصول کیلئے برداشت کرنا پڑتا ہے - ایسا نہیں کہاجاسکتا کہ یہ ساری دقتیں عمداً پیدا نہیں کیجاتی ہیں - معلوم تو ایسا ہوتا ہے کہ دفاتر تحت کے نام اعلی دفاتر کے ایسے احکام ہیں کہ جہاں تک ہوسکے رکاوٹیں پیدا کیجائیں - یا یہ کہ دفتر کے ملازمین بددیانتی یا ناجائز طریقہ پر حصول منفعت کی خاطر ایسی پیچیدگیاں پیدا کرتے ہیں - میں معزز وزیر فینانس سے درخواست کرونگا کہ کبھی وہ خود وظائف کی تقسیم کے وقت ایک گھنٹہ کیلئے جائیں اور حالات کا بچشم خود معائنہ کریں - اگر یہ حالات صحیح ہوں تو انکے اصلاح کی کوشش کریں - اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Shri Shamrao Naik (Hingoli-General) : Mr. Speaker, Sir, During the last Session when the Amending Bill on General Sales-Tax was introduced by the hon. Finance Minister, I had moved an amendment requesting him to withdraw the levy of sales-tax on cotton. The levy of sales-tax on cotton is not, in my opinion, warranted by principles of finance. Moreover, under the Act passed by the Parliament also, it has not got any moral support. Even though I had pressed this argument before the hon. Finance Minister during the last session, I regret to find that no due care and attention was paid to my suggestion uptil now. As I said, the Parliament has passed an Act declaring certain commodities as essential to the life of the community. Though our Act regarding levy of sales-tax on cotton was passed only eight days before the Parliament Act, yet I feel that it is our duty to withdraw the levy of sales-tax on cotton.

Secondly, I would like to draw the attention of the House to the fact that our experience during the last year has proved beyond doubt that the collection of sales tax is far from expectations. During the discussion on the Budget last year, it was anticipated that this multiple-point sales tax would fetch sufficient amount and add to the coffers of Government to a considerable extent. But it has not even yielded Rs. 2 crores during the last year in spite of the fact that the rate of tax was increased and it was made multiple-point. I would like to invite the attention of the hon. Finance Minister to the fact that though the tax that is collected is at the rate of 2 per cent. in actual practice, the purchaser gets the article from the seller at a rate much less than actually declared by the Government. Thus, though the burden of tax falls at Rs. 2, the purchaser gets the article at a far less rate—he gets it at Rs. 5 less than the actual price declared by Government. Taking these things into consideration, I feel that the levy of sales tax on cotton is neither warranted by moral principles nor by the enactment passed by the Central Praliament.

Under these circumstances, I would request the hon. Finance Minister to consider my suggestion and include cotton in the list of exempted goods by way of an amendment to General Sales Tax.

شری جی - سری راملو - مسٹر اسپیکر سر - میں فینانس ڈپارٹمنٹ کے ڈیمانڈ پر لائے ہوئے کٹ موشن کے سلسلہ میں کچھ کہنے سے پہلے جنرل اڈمنسٹریشن (General Administration) پر اپنے خیالات کا اظہار کرونگا - نہ صرف بلدہ میں بلکہ اضلاع میں بھی ملازمین کو سیلریز (Salaries) کے ملنے میں تاخیر ہوتی ہے - حال میں آنریبل ممبرس نے اخبارات میں پڑھا ہوگا کہ کبل کے ایک ملازم سرکار کو رقم بروقت نہ ملنے کی وجہ سے موت کا شکار ہونا پڑا - اسیطرح بلس (Bills) کے منظور ہونے میں بھی ناقابل برداشت تاخیر ہوتی ہے - رڈٹیپیزم (Red-Tapism) بڑھگیا ہے - سیلیریز (Salaries) کی اجرائی کیلئے ایک بڑا کیو (Que) لگا رہتا ہے - ہر بل (Bill) کی بغیر کچھ دئے کے منظوری نہیں ہوتی - اگر کانگریس راج میں اس قسم کا اندھیر ہو تو میں نہیں سمجھتا کہ اس زمانے میں گزشتہ زمانے کے مقابلے میں کانگریسی حکومت نے کیا امپرومنٹ (Improvement) کیا ہے ؟ ملازمین سرکار کو جائز اور حلال تنخواہ کے پانے کیلئے رشوت دینی پڑتی ہے اور اس کے باوجود بھی تاخیر ہوتی ہے - مجبوراً اسکو سود ادا کر کے قرضہ لینا پڑتا ہے اور اسطرح سود ادا کرتے کرتے مرجانے کی نوبت آجاتی ہے - فینانس منسٹر کو اسطرف توجہ کرنی چاہئے اور انوسٹیگیشن (Investigation) کر کے تاخیر کے ذمہ دار لوگوں کو سزا دینی چاہئے تاکہ ایسی خرابیاں دور ہوں - میرا خیال ہے کہ (٦٠) فیصد ملازمین

کو بھی بروقت تنخواہ نہیں ملتی ہے - مہینوں بلکہ سالوں سے پنڈنگ (Pending) میں رہتا پڑتا ہے - اسطرف توجہ کیجانی چاہئے -

اسکے بعد سلس ٹکس (Sales Tax) کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں - سنہ ۵۳-۵۲ کی آمدنی کا اندازہ (۲۴۶) لاکھ رکھا گیا تھا - لیکن حقیقی آمدنی اتنی نہیں ہوئی - معلوم ایسا ہوتا ہے کہ اسٹیمیشن (Estimation) میں '' خواب کا محل '' بنایا گیا تھا - اسٹیمیٹ ٹھیک نہیں تھا - حسابات ٹھیک نہیں تھے - بجٹ اسٹیمیٹس (Budget estimates) روائیزڈ اسٹیمیٹس (Revised estimates) اور اکچوولس (Actuals) میں اتنا بڑا فرق رہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اس فینانس ڈپارٹمنٹ سے ایک بنئے کے حساب کتاب کی حالت زیادہ اچھی ہوتی ہے - وہ اپنے امد و خرچ کا پورا پورا حساب رکھتا ہے - ہمارے فینانس ڈپارٹمنٹ کی حالت اس سے بھی بد تر ہے - یہی حالت رہے تو پلاننگ (Planning) میں ہم کسطرح آگے بڑھ سکتے ہیں ؟ سیلس ٹکس (Sales Tax) سے متعلق جو امیدیں فینانس منسٹر نے ظاہر کی تھیں وہ پوری نہیں ہوئیں اور (۵۴) لاکھ کی کمی واقع ہوگئی اسکی وجہ کیا ہے ؟ جب ہم کسی دکان پر جائیں تو دکاندار دریافت کرتا ہے کہ '' سیلس ٹکس کی رسید چاہئے یا بغیر رسید کے دوں '' ؟ شاید فینانس منسٹر کو کسی دکان پر جانے کا اتفاق نہیں ہوتا - سی - آئی - ڈی (C. I. D.) کے ذریعہ اسکا پتہ چلائیں کہ ایسا ہوتا ہے یا نہیں - چالباز دکاندار کسطرح حکومت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں یہ معلوم کرکے انکی چالبازیوں کا انسداد کیا جانا چاہئے اور ایسے مبتھڈ (Method) استعمال کرنے چاہئیں جن سے ایسی چالبازیوں کی روک تھام ہو - ورنہ خدشہ ہے کہ اس سال سیلس ٹکس کی آمدنی اور کم ہوجائیگی - آج کل دیگر پراونسس (Provinces) میں بھی آمدنی کا ذریعہ سیلس ٹکس ہوگیا ہے جسکی وجہ سے دیگر پراونسس آگے بڑھ رہے ہیں - میں نہیں سمجھتا کہ حیدرآباد اس معاملہ میں کیوں کمزور ہے - امید کہ اسبارے میں آنریبل فینانس منسٹر کوئی مناسب قدم اٹھائینگے - سیلس ٹکس ڈپارٹمنٹ کا خرچہ بھی بہت بڑھا ہوا ہے اسکا اکسپنڈیچر (Expenditure) (۸) لاکھ ہے - یہ ٹاپ ہیوی اڈمنسٹریشن (Top Heavy Administration) ہے - کمشنر (Commissioner) ڈپٹی کمشنر (Deputy Commissioner) جملہ (۲۲۵۰) تنخواہ اور الوس پاتے ہیں - اسطرح اسکی آمدنی کا بڑا حصہ وہی لوگ کھا جاتے ہیں - ایسا نہیں ہونا چاہئے بلکہ ٹھیک طور پر کام کرنا چاہئے - میں سمجھتا ہوں کہ ٹاپ ہیوی اڈمنسٹریشن کو نکالنے کیلئے آنریبل فینانس منسٹر جو خود ان ہائے سیلریز (High Salaries) کے خلاف ہیں اپنی پارٹی میں اس مسئلہ کو رکھکر پارٹی میں اپنا اثر استعمال کرینگے -

اب میں اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ (Statistics Department) کی طرف آتا ہوں میرا خیال ہے کہ اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ کا اتنے بڑے اکسپنڈیچر (Expenditure) کے ساتھ رہنا بالکل غیر ضروری ہے مجھے معلوم ہے کہ اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ کی بنیاد اور

اون کی انفرمیشن (Information) زیادہ تر ریوینیو ڈپارٹمنٹ (Revenue Department) سے حاصل کیجاتی ہے۔ جب کبھی کسی انفرمیشن کی ضرورت ہوتی ہے تو برابر کلکٹر اور تحصیل آفس کو لکھکر مواد منگوالیا جاتا ہے ۔ محض اس کام کے لئے (۱۱) آئیٹم مقرر کئے گئے ہیں اور اتنی بڑی رقم صرف کیجارہی ہے ۔ ان آئیٹمس کی تفصیل یہ ہے ۔

1. Direction—Rs. 2,17,540
2. Statistics Inspector—Rs. 16,710
3. Temporary establishment of cotton scheme—Rs. 7,290
4. Temporary scheme of Gazetteer—Rs. 6,040
5. Scheme for collection of data of wages of labourers, City—Rs. 30,000
6. Scheme for collection of data of wages of labourers, District—Rs. 14,650
7. Financial Statistics Scheme—Rs. 10,800
8. Livestock Scheme—Rs. 9,240
9. Aaricultural Statistics Dept.—Rs. 2,19,830
10. Central Records Office—Rs. 2,18,300
11. Coordinated Crop cutting—Rs. 40,700

اس طرح (۱۱) آئیٹمس پر جملہ (۸) لاکھ روپیہ خرچ ہوتے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کوئی ایسا ڈپارٹمنٹ ہے جو اپنے انفرمیشن ریوینیو آفسس سے نہ لیتا ہو۔ جب اس قسم کے اسٹیٹسٹکس (Statistics) کے لئے ریوینیو ڈپارٹمنٹ (Revenue Department) سے مدد لے سکتے ہیں تو پھر اتنی بڑی رقم اس پر خرچ کرنے کی کیا ضرورت ہے ؟ اتنا تو میں بھی سمجھتا ہوں کہ دیش کو آگے بڑھانے کے لئے اوس کی ترقی کے لئے پلانس (Plans) تیار کرنے کے لئے اسٹیٹسٹکس کی ضرورت ہوتی ہے ۔ ہر ملک میں ترقی اور پروگریس (Progress) لانے کے لئے اسٹیٹسٹکس کی سخت ضرورت ہوتی ہے ۔ لیکن ہمارے یہاں کا اسٹیٹسٹکس ڈپارٹمنٹ اپنی جگہ بیٹھکر خواہ مخواہ اپنا خرچہ دوسرے محکموں پر ڈالتا ہے ۔ اگر حیدرآباد میں ایک سنٹرل آفس باقی رہے تو وہ ڈسٹرکٹ کے ریوینیو ڈپارٹمنٹس سے مواد حاصل کرسکتا ہے ۔ باقی حصہ کو اگر ختم کردیا جائے تو اوس سے (۳) لاکھ روپیہ کی بچت ہوسکتی ہے ۔ اس کے علاوہ اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ کا کام کافی تاخیر سے ہوا کرتا ہے ۔ چنانچہ جب اسمبلی میں سوالات کئے جاتے ہیں کہ ملک میں کتنی کلٹیو ایبل لینڈ (Cultivable land) ہے ۔ یا ملک میں کتنی سیت سندھیاں ہیں ۔ یا یہ کہ کتنی پرسپوک زمین ہے ۔ امپلائیڈ (Employed) اور ان امپلائیڈ لیبر (Unemployed labour) کی تعداد کتنی وغیرہ وغیرہ تو اس کے اسٹیٹسٹکس وقت پر نہیں ملتے ۔ اگر اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ کا کام وقت پر انجام پاتا تو

سوالات کی نوٹس کے لئے بجائے (۱۵) دن کی مدت رکھنے کے سات آٹھ روز کافی ہوتے اور جوابات فوری مل سکتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ عموماً منسٹرس جواب کے لئے مہلت مانگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ انفرمیشن ازبیئنگ کلکٹڈ (Information is being collected) اس وجہ سے میں کہنا ہوں کہ اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ برابر کام نہیں کررہا ہے۔ اسٹیٹسٹک ڈپارٹمنٹ دوسرے ڈپارٹمنٹس پر انحصار کرتا ہے اس لئے میرا خیال ہے کہ ایسے ڈپارٹمنٹ کے صرف سنٹرل آفس کو رکھا جائے اور باقی کو ختم کیا جائے تو سونگ (Saving) ہوسکیگی اس طرح خزانہ بھی بھرسکیگا اور دوسری طرف اکانمی (Economy) بھی ہوسکیگی۔

The House then adjourned for recess till Eleven of the Clock

The House reassembled after recess at Eleven of the Clock

(*Mr. Speaker* in the Chair)

شری مخدوم محی الدین ۔ مسٹر اسپیکر سر۔ لونس اڈوانسس کی منظوری کے سلسلہ میں میں نے کٹ موشن پیش کیا ہے۔ اس سلسلہ میں مختصراً چند باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

سنگارینی کالیریز کے لئے (۱۶) لاکھ روپیہ اور ہٹی گولڈ مائینس کے لئے (۳) لاکھ (۴۲) ہزار کا اڈوانس (Advance) دیا جارہا ہے۔ جہاں تک ہٹی گولڈ مائینس کا تعلق ہے آنریبل فینانس منسٹر نے فرمایا تھا کہ حکومت کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میں اس کو ٹھیک طور پر نہیں سمجھ سکا۔ یہ ہوسکتا ہے کہ جہاں تک مزدوروں کے مسائل کا تعلق ہے یہ سوال مرکزی سوال یا سنٹرل سبجکٹ (Central Subject) ہوسکتا ہے۔ یہ چیز سمجھ میں آسکتی ہے۔ لیکن جب حکومت کی ایک بہت بڑی رقم اس میں انوسٹڈ (Invested) ہے۔ حکومت کی جانب سے بورڈ آف ڈائرکٹر مقرر ہے جس کے چیرمن (Chairman) خود آنریبل فینانس منسٹر ہیں۔ ایک بڑے اسلائر کی حیثیت سے اور ایک بڑے شیرہولڈر کی حیثیت سے اوس میں حکومت کا دخل ہے تو اوس سے حکومت کا تعلق ہونا چاہئے۔

جب حکومت کی جانب سے اتنی رقم سنگارینی کالیریز یا ہٹی گولڈ مائینس کو دی جارہی ہے تو ہم کو یہ دیکھنا پڑیگا کہ حکومت کا اس پر کسطرح کنٹرول ہے۔ کن مدات پر یہ رقم صرف کیجائیگی۔ حکومت وہاں کیا انتظام کرنگی وغیرہ۔ کیونکہ جو رپورٹ ہم کو دیگئی ہے اس سے کچھ اندازہ ان چیزوں کا نہ ہوسکا۔

پہلے تو میں ہٹی گولڈ مائینس کے سلسلہ میں عرض کرونگا کہ وہاں مزدوروں کے جو مطالبات ہیں وہاں کی یونین کی طرف سے حکومت کے سامنے رکھے گئے۔ لیکن اب تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ خاص طور پر وہاں کے مزدوروں کے مکانات کے بارے میں ایک نہیں کئی مرتبہ توجہ دلائی گئی۔ مزدوروں کی جانب سے اس سلسلہ میں کافی جد و جہد ہوئی۔ اسی ایوان کے سامنے کئی مرتبہ اس مسئلہ کو اٹھایا گیا لیکن کوئی عمل نہیں ہوا۔

حالانکہ حکومت کی حیثیت وہاں کے ایک بڑے شیر ہولڈر کی ہے - جس کے بورڈ آف ڈائرکٹر کے چیرمین (Chairman) خود آنریبل فنیانس منسٹر ہیں لیکن انہوں نے اپنی پوزیشن اس بارے میں صاف نہیں کی کہ مزدوروں کے مکانات کے لئے حکومت کے پاس کونسی تجویز زیر غور ہے - کیا پلان عمل میں لانا چاہتے ہیں - آنریبل فینانس منسٹر خود وہاں تشریف لے جاچکے ہیں - انہوں نے اپنی آنکھوں سے وہاں کے حالات کا معائنہ فرمایا اور وہ متاثر ہوے - وہ جانتے ہیں کہ وہاں کے لوگوں کو مکانات نہ ہونے کی وجہ سے اون کی صحت پر کسقدر برا اثر پڑرہا ہے - اونکی سوشل زندگی کسقدر مصیبت کی زندگی بن گئی ہے - اس لئے اب جو لون (Loan) اڈوانس (Advance) کیا جارہا ہے اوس کے متعلق ہم جاننا چاہتے ہیں کہ وہ کسطرح صرف ہوگا ؟ کس پر صرف ہوگا ؟ حکومت کا اسپر کسطرح کا کنٹرول رہیگا ؟ اس سے پہلے یہ بات ہمارے علم میں لائی گئی کہ ہٹی گولڈ مائینس پرافٹنگ کنسرن (Profitting concern) نہیں ہے - یعنی وہاں زیادہ منافع نہیں ہورہا ہے وغیرہ - لیکن جہاں تک اعداد و شمار کا تعلق ہے اون سے پتہ چلتا ہے کہ پچھلے دو تین مہینوں میں سونے کی پیداوار گھٹی نہیں بلکہ بڑھ گئی ہے - اوس زمانے میں بھی جب کہ وہاں کے مزدوروں پر ستبہ گرہ کے الزام لگائے گئے تھے پیداوار میں کمی نہیں ہوئی بلکہ اضافہ ہوا تھا - اوس زمانے میں تقریباً (۹) سو اونس سونا نکلتا تھا اب تقریباً (۱۱) سو اونس سونا نکلتا ہے - اور آئندہ بھی نکلنے کی امید ہے کیونکہ وہاں نئی مشینیں لگائی گئی ہیں اور بہتر طریقے پر کام ہورہا ہے - ایسی صورت میں یہ کہنا کہ وہ ایک ڈوبتا ہوا کنسرن ہے کہاں تک درست ہوسکتا ہے ؟ یہ صحیح ہے کہ سونے کی قیمت گرنے کی وجہ سے اس پر یقیناً اثر پڑا ہوگا - لیکن انڈسٹریز کے متعلق جو رجحان بتایا گیا وہ فلوشنگ (Flourishing) ہوسکتا ہے بشرطیکہ حکومت کی ان پر اچھی طرح نگرانی ہو - اس سلسلہ میں میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جو رقم دیجارہی ہے وہ کس حیثیت سے خرچ کیجائیگی ؟ حکومت کا اس پر کیا کنٹرول ہوگا ؟ سنگارینی کالیریز کے بارے میں حکومت کہہ سکتی ہے کہ وہ مائینس خسارہ میں چل رہی ہیں - لیکن پھر بھی وہاں کے مزدوروں کی جو بہت سے پرانی مانگیں تھیں وہ پوری نہ ہوسکیں - ان کی اجرتوں کا سوال تھا - اون کے مہنگائی بھتہ کا سوال تھا - اون کے راشن اور ان کے مکانات کے سوالات تھے - اسکے علاوہ اور دوسرے بھی سوالات تھے جو بنیادی تھے - لیکن کمپنی کا یہ رویہ رہا ہے کہ وہ ان سوالات پر سوچنے کے لئے تیار نہیں ہے - وہاں بعض ایسی مانگیں بھی کیگئیں تھیں جن کے بارے میں ٹری پارٹائیٹ کانفرنسس (Tripartite conferences) بھی ہوئیں - جن امور کے بارے میں حکومت - کمپنی اور مزدوروں کے نمائندوں نے مل جل کر تصفیہ کیا اون کو بھی عمل میں نہیں لایا جارہا ہے - اس کانفرنس میں یہ تصفیہ بھی ہوا تھا کہ ڈیڑھ سو فی صد مہینگائی بھتہ دیا جانا چاہئے لیکن اب تک بھی اس کو عمل میں نہیں لایا گیا - حالانکہ یہ فیصلہ حکومت مالکوں اور مزدوروں کے نمائندوں کا متفقہ فیصلہ تھا - دوسری جگہ مثلاً پہار وغیرہ میں اس کو عمل میں لایا گیا لیکن سنگارینی کالیریز اور دوسرے علاقوں

مثلا بیلم دلی یلندو وغیرہ میں اس پر عمل نہیں ہورہا ہے ۔ ایسے حالات میں یعنا ہاؤس یہ جاننے کا حق رکھتا ہے کہ جو (۱۶) لاکھ کا اڈوانس دیا جارہا ہے وہ کس حیثیت سے صرف ہوگا ؟ حکومت کا کیا کنٹرول رہیگا ؟ اب تک کیا ہوا اور آیندہ کیا ہونے والا ہے ؟ مجھے امید ہے کہ آنریبل منسٹر اس کے بارے میں ہمیں معلومات فراہم کرینگے کہ جو رقم دیجارہی ہے اسکو کس طرح خرچ کیا جائیگا ؟ میں یہ کہونگا کہ پیداوار بڑھانے میں اور مزدوروں کی جو دقتیں ہیں اور اون کی جو شکایتیں ہیں اون کو دور کرنے میں اس سے کام لیا جائے ۔ ضرورت ہے کہ حکومت اس جانب کافی نگرانی کے ساتھ رقومات صرف کرے ۔ سرسلک کے بارے میں بھی مجھے بہت کچھ عرض کرنا ہے لیکن میں فی الحال ہٹی گولڈ مائینس اور سنگارینی کالیریز کے بارے میں ہی کہنا چاہتا ہوں کہ آنریبل منسٹر اس پر خاص طور پر غور کریں ۔ آنریبل منسٹر نے ہٹی گولڈ مائینس کے متعلق فرمایا کہ حکومت کا اس سے کوئی تعلق نہیں ۔ مجھے اس کا مطالب اور مفہوم سمجھ میں نہیں آسکا ۔ حالانکہ حکومت کا اس میں (۶۰) فی صد حصہ ہے وہاں کی کمپنی میں ہمارے اڈوائزرس اور انجینیرس کام کررہے ہیں ۔ اگر ریاست کا اوس پر کوئی کنٹرول نہ ہو تو وہ انڈیپنڈنٹلی (Independently) کیسے کام کرسکیگی ؟ میں چاہتا ہوں کہ وہاں سے جو مانگیں حکومت کے سامنے آرہی ہیں وہ اس اڈوانس (Advance) کی منظوری سے قبل پوری ہونی چاہئیں ۔ وہاں کے متعلق متعدد شکایتیں ہیں جنہیں کئی بار حکومت کے علم میں لایا جاچکا ہے ۔ کمپنی کے علم میں بھی لایا جاچکا ہے ۔ کئی مزدوروں کو کنوکٹ (Convict) کر کے جیلوں میں بھردیا گیا ہے ۔ ابھی کئی مزدور مزدوری پر نہیں لئے گئے ۔ ان کے مکانات کا مسئلہ بھی خاص طور پر قابل توجہ ہے ۔ میں حکومت سے پھر خواہش کرونگا کہ وہ اس پر اچھی طرح نگرانی کرے جس سے پراڈکشن بھی بڑھے اور مزدوروں کو بھی سہولت حاصل ہو اور انہیں مدد ملے ۔

श्री. माणिकचंद पहाडे (फुलमरी) :—सभापति महोदय, अभी जो रिडक्शन मोशन्स (Reduction Motions) आये हैं अुनके बाबत मुझे चंद बातें अर्ज करनी हैं। पहले तो मैं सेल्स टॅक्स बारे मे कहुंगा। मल्टिपल सेल्स टॅक्स (Multiple Sales Tax) नहीं होना चाहिये यह जो अेतराज किया जा रहा है वह सही नहीं है। मल्टिपल टॅक्स यहां पर तीन साल पहले से नाफिज है लेकिन कानून के बाद हमारे यहां अिसके बाबत मे मुव्हमेंट (Movement) और सत्याग्रह वगैरह करने की कोशिश की गअी थी। अुसके पहले कभी भी किसी भी व्यापारी ने अिस मल्टिपल पॉअिंट के बाबत अेतराज नहीं किया और न किसी पार्टी ने अिसे सिंगल पॉअिंट (Single poinnt) करने के लिये कहा। लेकिन अब दो पैसे के चार पैसे करने के बाद यह अेतराज किया जा रहा है। अिसीलिये अुसूल से यह अेतराज सही नही है, बल्कि महज टॅक्स बढाया गया है यह अेतराज किया जा सकता है। लेकिन यह कहना कि मल्टिपल पॉअिंट के बजाये सिंगल पॉअिंट होना चाहिये, सही नहीं है। मद्रास मे मल्टिपल पॉअिंट कअी साल से चल रहा है, लेकिन मद्रास के अिलाके मे अिसय बाबत कोअी अेतराज नहीं किया गया। बंबअी मे रेट (Rate) बढ जाने से वहां पर सत्याग्रह शुरू हुआ और अुसी तरह से सौराष्ट्र मे भी सत्याग्रह हुआ। लेकिन दरअसल मल्टिपल पॉअिंट टॅक्स गव्हर्नमेंट के लिये मुफीद हो सकता है, और जो लोग अिस टॅक्स को टालने की कोशिश करते है के

कभी न कभी मल्टिपल पॉअिंट मे गिरफ्तार किये जा सकते है और अुनसे यह टॅक्स वसूल किये जा सकता है।

श्री. व्ही डी. देशपांडे :—बंबअी मे पहले सिंगल पॉअिंट था अब मल्टिपल हुआ है।

श्री. माणिकचंद पहाडे :—लेकिन मद्रास मे कअी साल से मल्टिपल पॉअिंट था। यहां कअी साल से मल्टिपल था, लेकिन अुस वक्त आपकी तरफ से कोअी अेतराज नहीं किया गया था।

अिसके बाद सेल्स टॅक्स वसूल करने मे जो जरूरी चीज होनी चाहिये वह यह है कि सेल्स टॅक्स के जो काम करनेवाले लोग है अुनको जिन जबानो मे बहीखाता रखा जाता है वो जबानें जाननें जरूरी है। लेकिन अिस वक्त जो रिक्रूटमेंट (Recruitment) किया जाता है वह अैसे लोगों का होता है जो अुन जबानों को नहीं जानते। अिस वजह से अिस सेल्स टॅक्स को चुराने की बहुत कुछ गुंजाअिश व्यापारियों को मिल जाती है। अिसलिये मै अर्ज करूंगा कि जहां जिन जबानों मे बहीखाता रखा जाता है, वहां अैसे ही लोगों को रिक्रूट किया जाय जो अुन जबानों को जानते हैं, ताकि वे जान सके कि सही हिसाबात रखे गये हैं या नहीं, अुन्होनें कही गलती की है या नहीं, या किस तरह से टॅक्स चुराने की कोशिश की गअी है, अिसका पता चल सके।

अिसके साथ साथ मै दूसरी अेक बात अर्ज करना चाहता हूं। सेल्स टॅक्स डिपार्टमेंट की तरफ से हिसाब किस तरह से रखना चाहिये अिसकी कुछ हिदायतें व्यापारियों को दी जाय ताकि व्यापारी अुसी ढंग से हिसाब रख सकें, और गव्हर्नमेंट को भी सहूलियत हो सके। यह भी होता है कि जो अिन्स्पेक्टर लोग वहां जाते हैं वे मनमाने तरीके से हिसाब लगाते है, किसी को माफ किया जाता है तो किसी को बहुत ज्यादा देना पडता है। अगर कोअी शख्स अुस जांच करने वाले को खुश करदें तो अुसको माफ किया जाता है और कोअी अुसको खुश न करें तो अुसको बहुत ज्यादा टॅक्स देना पडता है। अिन बातों को हल करने की गरज से यह नये रिफार्म्स करना जरूरी हैं.

